فوری ریلیز کے لیے: 10/1/2023 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے توانائی کی قیمتیں کم کرنے، استعداد پیدا کرنے، اور صاف ہوا اور پانی میں انقلابی سرمایہ کاریوں کا اعلان

توانائی سستی ہونے کی ضمانت دینے کا اعلان، ملک میں پہلا ابتدائی پروگرام جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ نیو یارک کے لوگ کبھی بھی بجلی پر اپنی آمدنی کے چھ فیصد سے زیادہ خرچہ نہ کریں

منصوبہ نیو یارک کے 800,000 سے زیادہ گھرانوں کو یوٹیلیٹی بل ریلیف میں 200$ ملین فراہم کرے گا

نیو یارک کو کاربن کے صفر اخراج کی نئی تعمیر اور قدرتی تیل سے چلنے والے حرارت کاری کے نئے آلات کو بتدریج ختم کرنے کے لیے راستے پر ڈالتا ہے

نیو یارک صاف پانی کی فنڈنگ میں 500$ ملین کی سرمایہ کاری کرے گا اور پسماندہ علاقوں کو مالی امداد تک رسائی میں مدد دے گا

گورنر Kathy Hochul نے آج سنہ 2023 کے سالانہ ریاستی خطاب کے جزو کے طور پر توانائی کو استطاعت میں لانے، صاف اور مستعد عمارتوں، صاف ہوا اور صاف پانی میں سرمایہ کاری کا اعلان کیا۔ تجویز توانائی کے سستا ہونے کی ضمانت دے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ شرکت کرنے والے نیو یارک کے مکین کبھی بھی بجلی پر اپنی آمدنی کے چھ فیصد سے زیادہ خرچہ نہ کریں۔ گورنر Hochul نے نیو یارک کے سالانہ 75,000$ سے کم کمانے والے 800,000 کی تعداد تک گھرانوں کے یوٹیلیٹی بلوں کے لیے 200$ ملین کی امداد کا بھی اعلان کیا جو فی الحال ریاست کے موجودہ یوٹیلیٹی ڈسکاؤنٹ پروگرام کے لیے اہل نہیں ہیں۔ مزید برآں، گورنر Hochul نے کاربن کے خاتمے کے اقدامات کی تعمیر کے ایک پُرجوش پیکج کا اعلان کیا، جس میں صفر اخراج کی نئی تعمیر اور قدرتی تیل سے چلنے والے حرارت کاری کے نئے آلات کی فروخت کو بتدریج ختم کرنا شامل ہے۔ اس اعلان میں صاف پانی کی فنڈنگ میں 500$ ملین بھی شامل ہے، اس کے ساتھ ساتھ علاقائی امدادی ٹیموں کی تشکیل بھی شامل ہے تاکہ پسماندہ علاقوں کو مالی امداد تک رسائی میں مدد ملے۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیو یارک ریاست مثال بن کر آگے بڑھ رہی ہے اور توانائی کے سستا ہونے کو فروغ دینے، کاربن کے اخراج کو کم کرنے اور صاف ہوا اور پانی میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے ایک جرات مندانہ ایجنڈا ترتیب دے رہی ہے۔ ملک میں پہلی بار بجلی کے قابلِ استطاعت ہونے کی ضمانت محنتی خاندانوں کی مدد کرے گی کیونکہ ہم ملک کے سب سے زیادہ پُرعزم موسمیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کرتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف ستھرے، صحت مند نیویارک کا راستہ بناتے ہیں"۔

<u>توانائی کے قابل استطاعت ہونے کا مسئلہ حل کرنا</u>

معیشت گیر کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (Cap-and-Invest-Program) جو صارفین کو آفاقی چھوٹ دے کر معاونت کرتا ہے، کو آگے بڑھانے کے علاوہ گورنر Hochul ہمارے انتہائی کمزور گھرانوں کو توانائی کی قیمتوں میں اضافے سے محفوظ رکھنے کے لیے پالیسیوں کا ایک سلسلہ تجویز کر رہی ہیں اور کاربن کے کم اخراج کی طرف منتقلی کو آگے بڑھا رہی ہیں۔ کارروائیوں میں شامل ہیں:

- **بجلی کے زیادہ بلوں کے لیے 200$ ملین کی امداد کی فراہمی۔** ریاست نیو یارک تقریباً 800,000 گھرانوں کو کریڈٹ فراہم کرے گی جو کہ 75,000$ سے کم کماتے ہیں تاکہ بجلی کے بھاری بھرکم بلوں کی ادائیگی میں مدد ملے۔

- **EmPower Plus ابتدائی پروگرام کے ذریعے قابلِ استطاعت بنانے کی معاونت کو کم آمدنی والے گھروں کو جدید بنانے کے ساتھ جوڑنا۔** EmPower Plus انسولیشن کا اضافہ کرکے، توانائی کی بچت کرنے والے آلات کو اپ گریڈ کرکے، اور آلودگی پھیلانے والے قدرتی تیل سے چلنے والے حرارت کاری کے آلات کو صاف، موثر الیکٹرک متبادلوں سے تبدیل کرکے 20,000 کم آمدنی والے خاندانوں کو اپنے گھروں کو بہتر بنانے میں مدد دے گا۔ وہ گھرانے جو EmPower Plus پروگرام کے ذریعے اہل ہوتے ہیں وہ مکمل طور پر برقی ہونے پر توانائی کے استطاعت میں ہونے کی ضمانت کے اہل بھی ہوتے ہیں۔ یہ ملک میں پہلا ابتدائی پروگرام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ حصہ لینے والے خاندان بجلی پر کبھی بھی اپنی آمدنی کے چھ فیصد سے زیادہ خرچہ نہ کریں۔ موجودہ EmPower پروگرام نے سنہ 2022 میں 14,000 سے زائد گھروں کو خدمات فراہم کیں اور توقع ہے کہ EmPower Plus اگلے سال کے اندر 20,000 گھرانوں تک موسمیاتی تبدیلی اور برقی کاری کے اقدامات کے ذریعے، توانائی کے استعمال میں تیزی سے کمی کے ساتھ ساتھ کاربن کے 17,000 میٹرک ٹن سے زائد اخراج کو روکے گا – جو کہ نئی ریاستی امداد میں 200$ ملین کی امداد کی مہربانی ہو گی۔
- **کم آمدنی والی انرجی ٹاسک فورس کو ہدایت دینا،** جو اُن ریاستی ایجنسیوں پر مشتمل ہے جو توانائی کے سستے ہونے کے پروگراموں کا انتظام چلاتی ہیں، تاکہ وہ موجودہ پروگراموں کی صف بندی کو بہتر بنانے اور ان خدمات تک رسائی اور عوامی ڈالر کے اثرات کو بڑھانے کے لیے انتظامی عمل کو ہموار کرنے کے لیے فوری کوششیں کریں۔

<u>صاف ہوا میں سرمایہ کاری اور کاربن کے اخراج کو کم کرنا</u>

ہوا کے معیار کو بہتر بنانے اور مختلف شعبوں سے اخراج کو کم کرنے کے لیے گورنر Hochul:

- چھوٹی عمارتوں کے لیے سنہ 2025 تک اور بڑی عمارتوں کے لیے سنہ 2028 تک سائٹ پر قدرتی تیل کو جلانے کے بغیر، صفر اخراج والی نئی تعمیر کا مطالبہ کر رہی ہیں۔
- نیو یارک کو سنہ 2030 تک چھوٹی عمارتوں اور سنہ 2035 تک بڑی عمارتوں، تمام کی تمام عمارتوں کے لیے قدرتی تیل سے چلنے والے کسی بھی نئے حرارت کاری کے آلات، بمع قدرتی تیل سے چلنے والے متعلقہ نظاموں کی فروخت پر پابندی لگانے کے لیے قومی سطح پر ایک موقف اختیار کرنے کی تجویز دی رہی ہیں۔
- بجلی کے بلوں اور کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے لیے عمارتی منتظمین کو باخبر انتخاب کرنے میں مدد دینے کے لیے ریاست بھر میں بڑی عمارتوں کو ان کے توانائی کے استعمال کی بنیاد پر لیٹر گریڈ تفویض کرنے کے نظام کو آگے بڑھا رہی ہیں۔
- محکمۂ سرکاری خدمات (Department of Public Service, DPS) کو متوسط اور ہیوی ڈیوٹی گاڑیوں کے لیے چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کو مؤثر اور بروقت تعینات کرنے میں رکاوٹوں کی نشاندہی کرنے اور ان کو دور کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ذرائع آمد و رفت کو برقی توانائی پر منتقل کرنے میں نیو یارک کی ملک کی سرکردہ سرمایہ کاریوں کو فروغ دے رہی ہیں۔
- ریاست نیو یارک کے پارکوں، تفریح اور تحفظِ تاریخ کے دفتر (Office of Parks, Recreation and Historic Preservation, OPRHP) کو سنہ 2030 تک تمام سہولیات کی بجلی کو قابلِ تجدید توانائی کے ذرائع سے حاصل کرنے کے لیے اپنی بجلی پیدا کرنے اور دیگر سبز وسائل جیسے علاقائی شمسی توانائی یا دیگر مقامی سہولیات سے قابلِ تجدید توانائی کی خریداری کو ترجیح دینے کی ہدایت کر رہی ہیں۔

- منصفانہ منتقلی کے لیے ریاست کی منصوبہ بندی کو مرکزی بنانے اور بلاواسطہ کرنے کے لیے ایک دفتر بنا رہی ہیں؛ نیو یارک ایک ایسے ڈھانچے کو آگے بڑھانے والی پہلی ریاست ہو گی جو صرف متاثرہ محنت

کشوں اور علاقوں کے لیے معیشت کی منتقلی کے حصول کے لیے وقف ہے جو کوئلے سے منتقلی سے باہر نظر آتا ہے اور دوسرے قدرتی ایندھنوں سے دور ہونے والی تبدیلی پر توجہ دیتا ہے۔

صاف پانی میں سرمایہ کاری
گورنر Hochul پانی کے معیار اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں اور صحتِ عامہ کے تحفظ کے لیے صاف پانی کی فنڈنگ میں 500$ ملین کی سرمایہ کاری کریں گی۔ ان سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھانے اور مقامی حکومتوں کے ساتھ جاری ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے، گورنر Hochul علاقائی معاونت کی ٹیمیں تیار کریں گی، جو چھوٹے، دیہی اور پسماندہ علاقوں تک فعال رسائی فراہم کریں گی اور صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مالی امداد تک رسائی میں ان کی مدد کریں گی۔

ابھرتی ہوئی آلودگیوں جیسے per- and polyfluoroalkyl substances (PFAS) سے نمٹنے کے لیے ریاست کے سابقہ اقدامات کی بنیاد پر، گورنر Hochul اگلے پانچ برسوں میں آلودگی کے ذرائع کی چھان بین اور آلودہ مقامات کا ازالہ کرنے کے لیے بلدیات کو مالی امداد کی پیشکش کرنے والا ایک پروگرام قائم کریں گی۔ یہ نیا پروگرام وہ وسائل فراہم کرے گا جو نیو یارک کے علاقوں کو ہمارے ماحول سے ان کیمیائی مادوں کو ہٹانے اور صاف پانی کی حفاظت کے لیے درکار ہیں۔

فضلے کو کم کرنا اور مقامی ری سائیکلنگ پروگراموں میں سرمایہ کاری کرنا
ٹھوس فضلہ آب و ہوا کو تبدیل کرنے والی گرین ہاؤس گیسوں کا چوتھا سب سے بڑا حصہ ہے۔ علاقوں کے تحفظ اور بلدیات اور ٹیکس دہندگان پر بوجھ کو کم کرنے کے لیے، گورنر Hochul فضلے میں کمی اور ری سائیکلنگ کے بنیادی ڈھانچے کا ایکٹ تجویز کریں گی، جو ری سائیکلنگ کی ذمہ داری پیداوار کرنے والے پر منتقل کرتا ہے اور ٹیکس دہندگان سے دور کرتا ہے۔ ریاست نیو یارک فضلے کو کم کرنے کی ایک نئی، زیادہ مؤثر حکمت عملی تیار کرے گی جو ری سائیکلنگ کی شرح میں اضافہ کرے گی، مقامی حکومتوں کے پیسے بچائے گی، ملازمتیں پیدا کرے گی، اور ماحول کی حفاظت کرے گی۔ پروگرام نیو یارک سے مواد سے متعلق مخصوص ری سائیکلنگ کی شرحوں کو پورا کرنے، صارف کے بعد ری سائیکل شدہ مواد کی پابندیوں کی شرحیں بنانے، اور اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کا متقاضی ہو گا کہ ری سائیکلنگ صارفین کے لیے آسان ہو۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ تحقیق و تیاریٔ توانائی کی صدر اور سی ای او اور کلائمیٹ ایکشن کونسل کی شریک چیئر Doreen M. Harris نے کہا، "ہم جانتے ہیں کہ آج کل نیو یارک کے تمام علاقوں میں صارفین کو توانائی کی بلند قیمتوں کا سامنا ہے۔ اس طرح، گورنر Hochul نے ایک جرات مندانہ ایجنڈا تجویز کیا ہے جو توانائی کے قابلِ استطاعت ہونے کو محفوظ بنانے پر توجہ مرکوز کرتا ہے خصوصاً نیو یارک کے ان لوگوں پر جن کو سب سے زیادہ اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے خواہ وہ بل میں رعایت کے ذریعے ہوں یا اپنے گھروں کو توانائی کی زیادہ بچت کرنے والا بنانے کے ذریعے۔ اس معاونت کے ساتھ ساتھ ہمارے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کی بنیادی وجہ کو حل کرنا، ریاست کے بلڈنگ سٹاک، اور صحت مند اور زیادہ آرام دہ رہنے اور کام کرنے کی جگہیں فراہم کرنے کے لیے اگلی دہائی میں کاربن کے صفر اخراج والی نئی عمارتوں کی تعمیر کی کوشش کرنا بھی چلتا ہے۔ جبکہ ہم عملی طور پر ان مسائل کو حل کرتے ہیں، ہمیں معلوم ہے کہ کامیاب ہونے کے لیے ہماری بنیاد نیو یارک کے ان تمام مکینوں پر ہونا لازمی ہے جو سبز معیشت کی طرف منتقلی سے مساوی طور پر مستفید ہو رہے ہوں"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "گورنر Hochul کی سالانہ ریاستی خطاب میں تجاویز اور پائیدار سرمایہ کاری آب و ہوا اور ماحولیات کے ایسے اقدامات فراہم کر رہے ہیں جن کی ہماری ریاست اور ملک کو ضرورت ہے۔ یہ جامع طریقۂ کار پانی اور ہوا کے معیار کے تحفظ، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، اور صاف توانائی کے مستقبل کی اقتصادی صلاحیت کا ادراک کرنے کے لیے جاری کوششوں کو تقویت دے گا۔ DEC کو نیو یارک کو صاف ستھرا، صحت مند، زیادہ پائیدار، اور نیو یارک والوں کے لیے زیادہ سستا بنانے کے گورنر کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے سرکاری اور نجی شعبوں کے ماہرین کے ساتھ شراکت پر فخر ہے۔"

پبلک سروس کمیشن کے سربراہ Rory M. Christian نے کہا، "مسلسل دوسرے سال، گورنر Hochul یوٹیلیٹی ٹیکس دہندگان کو بیمثال مالی راحت فراہم کر رہی ہیں۔ محکمہ ان کے توسیعی یوٹیلیٹی رعایتوں کے نصب العین کو

عملی جامہ پہنانے کے لیے تیار اور بے چین ہے اور شرکت کرنے والے کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے ملک میں سب سے پہلے توانائی کے قابلِ استطاعت ہونے کی ضمانت کو شروع کرنے سے سیکھنے کے لیے تیار ہے۔ چونکہ ہم COVID-19 کے معاشی خلل سے باہر آنا جاری رکھے ہوئے ہیں اور جیسا کہ عالمی اجناس کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ نیو یارک کے گھریلو توانائی کے بوجھ میں اضافہ کر رہا ہے، گورنر کے نئے اور اختراعی توانائی کے حصول کے اقدامات بالکل صحیح وقت پر آ رہے ہیں"۔

ریاست نیو یارک کے پارکوں کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا، "ریاست نیو یارک کے پارک ریاست نیو یارک میں ہماری عظیم ترین ماحولیاتی میراثوں میں سے ہیں، اور ہم اپنے پارکوں کے نظام کو پائیداری کا نمونہ بنانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ قابلِ تجدید توانائی کو وسیع کرنے میں گورنر Hochul کی قیادت ریاست نیو یارک کے پارکوں کو قدرتی وسائل کے جدید تحفظ میں سب سے آگے رکھتی ہے، جبکہ آنے والے سالوں میں مزید ملازمتیں پیدا کر رہی ہے"۔

ریاست نیو یارک کی ماحولیاتی سہولیات کارپوریشن کی صدر اور سی ای او Maureen A. Coleman نے کہا، "گورنر Hochul سمجھتی ہیں کہ صاف پانی کا بنیادی ڈھانچہ مضبوط، صحت مند علاقوں اور ماحولیاتی نظام کی معاونت کرتا ہے، اور اقتصادی ترقی کو فروغ دیتا ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، نیو یارک علاقوں کو پانی کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے لیے بیمثال مالی امداد فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ مخصوص تکنیکی مدد فراہم کرنا بہت ضروری ہے تاکہ ضرورت مند علاقوں کو اہم ریاستی اور وفاقی فنڈنگ تک رسائی حاصل ہو جو دستیاب ہے۔ EFC مستقبل کی سوچ رکھنے والے اس اقدام کو نافذ کرنے کے لیے حکومت میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ تعاون کرنے اور علاقوں کو پینے کے پانی اور سیوریج کی اہم اصلاحات، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے، اور ماحولیاتی، صحتِ عامہ اور معیارِ زندگی کے خدشات کو دور کرنے میں مدد کرنے کے لیے پُر امید ہے"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418